# آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر
## سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ
## (شعبہ اکاؤنٹس)

**عنوان:۔** **ری ٹینڈر نوٹس بسلسلہ فراہمی سامان ٹینٹ سروس/کیٹرنگ برائے قومی ودیگر تقریبات مالی سال 27-2026ء۔**

سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو مالی سال 27-2026 کے دوران منعقد ہونے والی قومی و دیگر تقریبات "State Function Celeberations" کے انتظامات کے سلسلہ میں جنرل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے FOR مظفرآباد کی بنیاد پر سنگل اسٹیج، سنگل اینویلپ (Envelope) کے طریقہ کار کے تحت لاٹ/آئٹم وائز درج ذیل شرائط پر سربمہر ٹینڈر برائے سامان ٹینٹ سروس/کیٹرنگ مطلوب ہیں۔ انراخ آئیٹم وائز بمعہ ٹیکسز دینا ہوں گے اور ہر آئیٹم پر ریٹ دینا لازم ہوگا۔ جو 22 ستمبر 2026 بوقت 11:00 بجے دن زیر دستخطی کے دفتر واقع سول سیکرٹریٹ چھتر دومیل وصول کیے جائیں گے۔ مقررہ تاریخ و وقت کے بعد کوئی ٹینڈر وصول نہ کیا جائیگا۔ ٹینڈر اسی روز بوقت 12:00 بجے دن ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

| نمبر شمار | تفصیل | تعدادی |
|---|---|---|
| 1- | سامان ٹینٹ سروس/کیٹرنگ (42 آئٹمز) **"مکمل لاٹ"** | بمطابق تصریحات |

# شرائط:۔

1- ٹینڈر مالی سال 27-2026 میں **"کلوز فریم ورک ایگریمنٹ"** کے تحت عمل میں لایا جائے گا۔ ٹینڈر میں دیئے گئے انراخ رواں مالی سال کے اختتام 30 جون 2027ء تک لاگو رہیں گے اور اس عرصہ کے دوران انراخ میں اضافہ قابل قبول نہ ہوگا۔ نیز ٹینڈر دہندہ فرم منظور شدہ انراخ و تصریحات سامان فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

2- ٹینڈر کے ہمراہ مبلغ -/50000 (پچاس ہزار) روپے بطور زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ بنام ڈی ڈی او محکمہ سروسز فراہم کرنا ہوگی بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

3- تمام اشیاء کے انراخ مطابق تصریحات لاٹ وائز/آئٹم وائز فراہم کیئے جانے ہوں گے۔ فہرست سامان میں لازمی آئٹمز میں کم سے کم انراخ دہندہ فرم کو ترجیح دی جائیگی۔ نیز مطلوبہ سامان کی فراہمی بروقت عمل میں لائی جانا ہوگی۔

4- مجاز اتھارٹی ایک یا تمام ٹینڈرز (AJK-PPRA) رولز 2017ء کے قاعدہ 33 کے تحت مسترد کرنے کی مجاز ہوگی۔

5- سامان ٹینٹ سروس کی فہرست معہ بڈنگ ڈاکومنٹس محکمہ سروسز (شعبہ اکاؤنٹس) سے دفتری اوقات کار کے دوران تحت ضابطہ بالعوض مبلغ 1500 روپے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

6- ٹینڈر فارم کے حصول کے لیے دی گئی درخواست کے ہمراہ انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل اور 02 سالہ تجربہ سرٹیفکیٹ شامل کرنا لازمی ہوگا۔ بصورت دیگر ٹینڈر فارم کا اجراء نہیں کیا جائیگا۔

7- دوران تقریبات سامان کی فراہمی میں بمطابق (PPRA) قواعد 2017ء قاعدہ (42c(iv کے تحت کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

8- بلات پر آزاد کشمیر میں مروجہ قواعد کے تحت جملہ ٹیکسز لاگو ہوں گے۔ نیز اشیاء/سامان کے لیے کسی قسم کی پیشگی ادائیگی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔

9- اشتہار ہذا AJK-PPRA Website پر موجود ہے اور (www.ajkppra.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

10- اشتہار ہذا کی بڈ ایویلیوایشن رپورٹ اور ایوارڈ آف کنٹریکٹ بھی (AJK-PPRA Website) پر اپ لوڈ کیے جائیں گے۔

11- فرم ہا ضمانت کے طور پر ٹینڈر کے ہمراہ بیان حلفی نسبت (نان بلیک لسٹنگ، ٹیکس نادہندگان) شامل کرنے کی پابند ہوں گی۔

والسلام

ڈائریکٹر پروٹوکول/آفیسر زر برار سروسز
ٹیلیفون نمبر: 05822-924368